شہر پیما معیارات
برائے مداخلت اور تادیبی اقدامات

نظم و ضبط اصول اور
طلبا حقوق کا بل
اور ذمہ داریاں، K-12

ستمبر 2012 سے اثر پذیر

NYC
Department of Education
Dennis M. Walcott
Chancellor

ڈینس ایم ویلکاٹ (Dennis M. Walcott)
چانسلر

کیتھلین گرم (Kathleen Grimm)
ڈپٹی چانسلر
ڈیوژن برائے کارروائیاں

الینا کونسٹان (Elayna Konstan)
چیف ایکزیکٹو آفیسر
اسکول اور نوجوان ترویج

یہ نیویارک شہر کے محکمہ تعلیم کی پالیسی ہے کہ نسل، رنگ، مذہب، قوم، شہریت/نقل وطنی حالت، عمر، معذوری، ازدواجی حیثیت، جنس، جنسی رجحان، جنسی پہچان یا جنسی اظہار کی بنأ پر اس کے تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں کسی کے ساتھ تفریق نہ کی جائے اور جنسی ہراسگی سے پاک ماحول تعمیر کیا جائے جیسا کہ قانون کا تقاضہ ہے۔

متعلقہ قوانین کے نفاذ کے بارے میں سوالات کو یہاں بھیجا جاسکتا ہے:
Office of Equal Opportunity, 65 Court Street, Brooklyn, New York, 11201, (718) 935-3320

شہر پیما معیارات برائے مداخئت اور انضباط (اصول ضوابط اور طلبا کی ذمہ داریوں اور حقوق کا بل، *k-12*) کو دفتر برائے ہدایتی اشاعت، کرسٹوفر سگارو (Christopher Sgarro)، ڈائریکٹر کی جانب سے اشاعت کیلئے تیار کیا گیا۔ تصویری نمونہ اور وضع کاری ٹوبے ہرٹمین (Tobay Hartman) کی جانب سے مہیا کی گئی۔

شہر پیما معیارات برائے مداخلت اور نظم وضبط اقدامات

نیویارک شہر کا محکمہتعلیم اس بات کیلئے پرعزم ہے کہ ہمارے سکول محفوظ، باحفاظت اور پرسکون ماحول میں رہیں کیونکہ وہاں ہرروزپڑھائی اور لکھائی وقوع پذیر ہوتی ہے۔ ایک محفوظ اور دوستانہ سکول تمام لوگوں - اساتذہ، طلباء، انتظامیہ، والدین ، صلاح کاروں، سماجی کارکنوں، حفاظتی عملے، متعلقہ خدمات مہیا کاروں، چائے خانہ، نگران اور بس کے عملے کے ایک دوسرے سے باہمی احترام سے پیش آنے پر منحصر ہوتا ہے۔

اس دستاویز میں شامل ہے **ذمہ داریوں اور حقوق کا طلباء بل** جو طلبا کے ذمہ دارانہ رویے کو پروان چڑھاتا ہے اور طلباء کی مدد کیلئے رہنمااصول بناکر عزت اور احترام کی فضا کو پروان چڑھاتا ہے جبکہ وہ ایک متنوع معاشرے میں مفید شہری بننے کیلئے جدوجہد کرتے ہیں۔

فہرست مضامین

طلباء کے مثبت رویے کو پروان چڑھانا..... 2

والدین بطور ساتھی اور حاضرین..... 3

ترقی پسند نظم و ضبط 4

انحرافی درجے 5

رہنما مداخلتیں 6

بحالی اسلوب 7

معاونت کی ترقی پسند سیڑھی اور ضوابطی نتائج..... 8

ذمہ داریوں اور حقوق کا طلباء بل..... 9

انضبامی دستورالعمل..... 13

درخواستیں اور تبادلے..... 15

ممنوع آلات..... 16

انحرافات اے درجے K-5..... 17

انحرافات بی درجے 6-12 23

رویوں کے معیارات

تمام اراکینسکول کی برادری کے طلبا، عملہ اور والدین- کو ان رویوں کے بارے میں جن کی طلبا سے توقع رکھی جاتی ہے اور اگر ان کا مظاہرہ نہ کیا جائے تو نتائج کے بارے پتہ اور سمجھ ہونی چاہئیے۔

مداخلت اور نظم وضبط کےشہر پیما معیارات (نظم و ضبط کوڈ) بیانیہ اصول فراہم کرتے ہیں جو کہ اس رویے سے میل نہیں کھاتے جس کی نیویارک شہر کے سکولوں میں طلباء سے توقع رکھی جاتی ہے۔ اس میں کئی طرح کی رہنما مداخلتیں اور کئی طرح انضباطی اور مداخلتی اقدامات کی اجازت ہے جو کہ سکول والے طلباء کے وریے کو درست کرنے کیلئے استمعال کر سکتے ہیں۔ اور طلبا حقوق اور ذمہ داریوں کا بل بھی شامل ہے۔

ضابطہ اصول تمام طلبا پر لاگو ہوتا ہے۔

طلباء کے مثبت رویے کو پروان چڑھانا

ہر سکول سے توقع رکھی جاتی ہے کہ وہ سکول میں مثبت ثقافت کو پروان چڑھائے اور ایسی فضا جو طلباء کو معاون ماحول مہیا کرے جس میں وہ سماجی اور تعلیمی دونوں میدانوں میں آگے بڑھیں۔ سکولوں سے توقع رکھی جاتی ہےکہ وہ طلبا کو کئی طرح کی مثبت رویہ جاتی معاونت اور اس کے ساتھ ساتھ سماجی جذباتی علمیت کیلئے بامعنی مواقع مہیا کرکے طلباء کے سماج دوست رویوں کے پروان چڑھانے میں پیش فعال کردار ادا کریں۔

فعال سماجی جذباتی علمیت طلباء کو زندگی کی فعالیت کیلئے بنیادی مہارتوں کو سیکھنےکیلئے مدد کرتی ہے بشمول: جذبات کو پہچاننا اور قابو رکھنا، دوسروں کے بارے سوچنا اور خیال رکھنا، مثبت تعلقات بنانا، ذمہ دارانہ فیصلے کرنا، اور مشکل حالات کا تعمیری اور اخلاقی طور پر سامنا کرنا۔ اس طرح کی مہارتیں منفی رویوں کو پروان چڑھنے اور انضباطی نتائج سے روکتی ہیں جو کہ اس وقت وقوع پذیر ہوتی ہیں جب طلباء رویہ جاتی معیارات پر پورا نہیں اترتے۔

سکول کا عملے ایسے غیر مناسب رویے کو درست کرنے کا بھی ذمہ دار ہے جو علمیت کو متاثر کرتا ہے۔ انتظامیہ، اساتذہ،کوسلرز اور دوسرے سکول کے عملہ سے توقع کی جاتی ہےکہ وہ تمام طلبا کو مداخلتی اور امتناعی طریقہ کار میں شامل کریں گے جو ایک طالب علم کے رویہ جاتی مسائل کا حل کرتے ہیں اور ان مسائل کو طالب علم اور اس کے والدین سے زیر بحث لاتے ہیں۔

مداخلتی اور امتناعی طریقہ کار میں شامل ہے گھر کے معاملات کو حل کرنے کیلئے رہنما معاونت اور خدمات؛ سماجی/جذباتی علمیت، جیسا کہ تنازعہ سلجھاؤ/ہم رتبہ مصالحت/ بات چیت، بحالی دائرے، انتظام غصہ، انتظام دباؤ، اور/ حصول ابلاغ استعداد؛ متبادل ہدایتی مواد کا استعمال اور/طریقے، افزدگی خدمات، متبادل جماعت تعین؛ اور/یا فعال رویہ جاتی پرکھ اور رویہ جاتی مداخلت منصوبوں کی ترقی یا جائزہ جس کو ایک پیش مداخلتی طریقہ کار کے طور پے تجزیہ یا ترقی دینی چاہئیے۔

اگر کسی بھی وقت سکول حکام کو لگے کہ کسی طالب علم کی مشکلات کس معذوری کا نتیجہ ہیں اور اسے خصوصی تعلیقی خدمات کی ضرورت ہے تو اس طالب علم کو فودا خصوصی تعلیم کی کمیٹی کے حوالے کردینا چاہئیے۔

طالب علم کی شمولیت، سکول میں ایک مثبت ماحول اور فضا قائم کرنے میں بہت ضروری ہے جو طالب علم کی سماجی/جذباتی فروغ دیا اور تعلیمی کامیابی کی نشونما کر سکے طالب علموں کو ایک وسیع معاشرے میں دوسروں کے ساتھ اچھے تعلقات کے ساتھ رہنے والی سرگرمیوں میں شامل ہونے کے کثیر مواقع فراہم کر تے ہیں اور، اس کے ساتھ ساتھ رشتہ احساس، حمایتی والدین منفی رویوں کو دور کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

مثالوں میں شامل ہیں: طلبہ کو خیالات اور افکار کا اشتراک کرنے اور سکول کی حد تک ابتدائی پروگرام میں شامل ہونے با معانی مواقعہ ملتے ہیں؛ طلبہ کی قیادت کی ترقی؛ تعلیمی اور ہم نصابی سرگرمیوں میں طلبی کی کابیابیوں کو سراہنا، اصلاحی جوابی رائے کا استعمال؛ اور سکول میں مثبت رویے کا نظام قائم کرنا۔ ایسے مواقع، ممانعت اور مداخلت کے جامع رہنمائی پروگرام کے ساتھ ساتھ، طلبہ کو تجربے، حکم عملی، صلاحتیں اور حمایت فراہم کرتا ہے جو ان کی فروغ دیا کے لیے ضروری ہیں۔

مداخلتی اور امتناعی حکمت عملیاں، جو طالب علموں کو مصروف رکھتی ہیں اور انہیں ایک واضح مقصد دیتی ہیں، کے استعمال سے سکول کے عملے کے اراکین طالب علم کی علمی اور جذباتی سماجی پرورش کو سہولت بہم پہنچاتی ہیں اور ان کو سکول کے مقاصد اور پالیسیوں کی پیروی کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

والدین* بطور شراکت دار

سکولوں کو محفوظ بنانے میں طلبا،والدین اور سکول کے افراد سب کا ایک کردار ہے اور اسے حاصل کرنے کیلئے ایک دوسرے سے تعاون کرنا چاہئیے۔ سکول کے عملے کو والدین کو ان کے بچے کے وریے کے بارے میں مطلع رکھنا چاہئیے اور متعلقہ شعبوں میں والدین کو بطور ساتھی شریک کرنا چاہئیے۔ بچوں تک پہنچ میں شامل ہو سکتا ہے، ایک فون کال اور/یا تحریری اطلاع لیکن یہ ان تک محدود نہیں۔ بطور نمونہ ہونے کے والدین اون سکول کے عملے کو اس رویے کا مظاہرہ کرنا چاہئیے جو وہ بچوں میں دیکھنا چاہتے ہیں۔

اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ والدین سکول کے ماحول کو محفوظ اور معاون بنانے کیلئے فعال اور شریک ساتھی ہو جائیں، ان کو ضابطہ اصول سے واقف ہونا چاہئیے۔ معلمین والدین کو طلبا کے وریے بارے مطلع کرنے اور ان صلاجیتوں کو پروان چڑھانے کیلئے ذمہ دار ہیں جو طلبا کو معاشرے اور سکول میں کامیاب ہونے کیلئے درکار ہیں۔ والدین کو اساتذہ اور سکول کے عملے سے ان باتوں پر بات کرنی چاہئیے جو طالب علم کے رویے کو متاثر کر سکتی ہیں یاطالب علم کے ساتھ کام کرنے میں معاون ہو سکتی ہیں۔

یہ ضروری ہے کہ سکول اور گھر والوں کے درمیان ذیادہ سے ذیادہ مشاورت اور رابطہ ہو۔ رہنما کانفرنسز جن میں پرنسپل یا اس کے تیار کنندہ، ایک مشاورتی کونسلر، طلبا کے والدین اور ایک یا ذیادہ اساتذہ حاضر ہوتے ہیں، والدین کی رائے جاننے کا بہترین ذریعہ ہیں اور اگر مناسب ہو تو طلبا کو بھی شامل کرنا چاہئیے۔ والدین جو طلبا کے رویے کی وجہ سے رہنما مداخلتیں منعقد کرنا چاہتے ہیں کو بچے کے سکول سے رابطہ کرنا چاہئیے بشمول والدین رابطہ کار ، یا ، اگر ضروری ہو تو خاندان وکالت اور برادری شراکت کے دفتر سے۔

والدین اطلاعیہ

اس دستاویز میں موجود معلومات کو سکول کے حکام طلبا، والدین اور عملے کے ساتھ بانٹنے کے ذمہ دار ہیں۔

ایسے واقعے میں جب ایک طالب علم غیر مناسب رویے کا مظاہرہ کرے، پرنسپل یا پرنسپل کے نامزد شخص کو اس رویے بارے والدین کو اطلاع کرنی چاہئیے۔ جب کسی طالب علم کے بارے میں یہ یقین ہو کہ اس نے جرم کیا ہے تو اس کے والدین سے رابطہ کرنا چاہئیے۔ چانسلر ضابطہ کار A-412

* "والدین" کی اصطلاح جب بھی اس دستاویز میں استعمال کی گئی ہے، اس کا مطلب طلبا کے والدین، وارث یا کوئی بھی ایسا فرد ہے جو طالب علم سے والدین یا وارث کے طور سے رشتہ رکھے ہو ئے ہے، یا طالب علم خود، اگر وہ قانونی آزاد نوجوان یا 18 سال کی عمر کو پہنچ گیا ہو۔

حاضری

سکول میں حاضری طلبہ کی نصابی ترقی اور کامیابی کے لیے بہت اہم ہے۔ سکول کے افسر کو یقین کر لینا چاہیے کہ ان طلبہ کے لیے موزوں پہنچ، مداخلت اور حمائت فراہم کی جا رہی ہے جو خود کو کام چور یا بار بار بغیر تنبہ کے غیر حاضری اور نصابی لا پروائی ظاہر کرتے ہیں۔

کام چوری کے معاملات میں، سکول کے افسر کو طالب علم اور والدیں سے لازمی ملنا چاہےتاکہ مددکی ضرورت کاتعین کیاجاسکے اور موزوں کاروائی جس میں شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں: رہنما مداخلت، مشاورات کے لیے حوالے، اور/یا سکول کے بعد پراگرام کے لیے حوالہ۔

سکول کی حاضری یا شاگرد ملازم کمیٹی کو شدید غیر حاضری اور/یا کام چوری معاملات کا معائنہ کرنا چاہیے اور/یا اور حاضری لینے والے اساتذہ، ڈین، رہنمائی مشورے دینے والے، اساتذہ، سماجی کارکن اور سکول کے دیگر عملے کو سلجھاؤ کو سہل بنانے کے لیے شامل کرنا چاہیے۔ نصابی لاپروائی میں شبہ کے معاملات کو نیو یارک سٹیٹ سینٹرل رجسٹر میں لے جانا چاہیے چانسلرز قواعد A-750 کے اشتراک کے ساتھ.

ترقی پسند نظم و ضبط

"قابل عمل" لمحے کے طور پر انضباط کو سمجھنا انضباط کیلئے بنیادی طور پر ایک مثبت طریقہ ہے۔ ترقی پسند انضباط نامناسب رویے کے بار ےمیں اضافی مداخلت استعمال کرتا ہے جس کا حتمی مقصد ایک سماج دوستانہ رویہ سکھانا ہے۔ ترقی پسند انضباط سزا نہیں دیتا۔ اس کی بجائے تریق پسند انضباط احتساب اور رویہ جاتی تبدیلی کی حمایت کرتا ہے۔

اس کا مقصد طلبا کو ان کی غلطیوں سے سیکھ کر دوبارہ منفی رویے کو واقع ہونے سے بچانا ہے۔ ترقی پسند رویے کے لازمی اطلاق میں ایسے طلبا کی مدد کرنا ہے جو ناقابل قبول رویے کا مظاہرہ کرتے ہوں جیسا کہ:

- یہ سمجھنا کہ رویہ کیوں ناقابل قبول ہے اور اس نے کیا نقصان پہنچایا ہے
- یہ سمبھنا کہ ان حالات میں وہ کیا مختلف کر سکتے تھے
- اپنے اعمال کی ذمہ داری لینا
- سماج دوستانہ حکمت عملیوں اور مہارتوں کو سیکھ کر مستقبل میں انہیں استعمال کرنا کا موقع دینا
- اگر دوبارہ ویسا رویہ دہرایا گیا تو اس کے زیادہ سخت نتائج کا سامنا کرنا

رہنما مداخلتوں اور دوسری بیناد بر سکول ذرائع اور کم سے کم سخت سزاؤں کے ذریعے طلبا کے نامناسب رویوں کو درست کرنے کیلئے ہر سمجھ دارانہ کوشش کرنا رہنما مداخلتیں بہت ضروری ہیں کیونکہ غیر مناسب رویہ اور ضابطہ اصول کی خلاف ورزی شاید زیادہ سنجیدہ مسائل کا اشارہ ہو جن کا طلبا شکار ہیں۔ اس لئے یہ اہم ہے کہ سکول کے افراد ان مسائل کے بارے میں حساس ہوں جو طلبا کے رویے کو متاثر کر سکتے ہوں اور ان کا جواب ایسے طریقے سے دیں جو ان کی ضروریات سے میل کھاتا ہو۔

مناسب انضباطی کاروائیوں کو امتناع اور موثر مداخلت پر زور دینا چاہئیے، طلبا کی تعلیم میں رکاوٹ کو روکنا چاہئیے اور ایک سکول کی مثبت ثقافت کو فروغ دینا چاہئیے۔

انضباطی ردعمل کا تعین

سکول کے افسران کو یہ تعین کرنے کے لیے کہ کون سے انضباطی اقدام کا اطلاق کرنا ہے، اس دستاویز (اصول ضوابط) سے رجوع کرنا چاہیے یہ متعن کرنے کے لیے کہ کی نامناسب برتاؤ کو حل کرنے کا سب سے موزوں طریقہ کیا ہے، یہ ضروری ہے کہ اس برتاؤ کے حالات کا مجموعی جائزہ لیا جائے۔ مندجہ ذیل حقائق لازمی جائزہ لے لینا چاہیےموزوں انضباطی اور/یا اقدامات کا متعین کرنے سے قبل:

- طالب علم کی عمر اور سمجھ بوجھ
- طالب علم کا انضباطی ریکارڈ (جس میں گزشتہ غلط رویے کی نوعیت، گزشتہ غلط رویوں کے واقعہ ہونے کی تعداد، اور ہر ایک پر لاگو شدہ انضباطی اور رہنمائی مداخلت شامل ہیں)
- رویے کی نوعیت، شدت اور وسعت؛
- حالات اور زمرہ جس میں یہ رویہ پیش آیا؛
- اس رویے کی کثرت اور مدت؛
- رویے میں ملوث افراد کی تعداد؛
- طالب علم کی IEP, BIP (رویہ جاتی مداخلتی منصوبہ) اور 504 اکاموڈیشن پلان، اگر لاگو ہو سکتا ہو تو۔

انحرافی درجے

شہر بھر کے مناخلتی اور انضباطی اقدامات طلبا کو ان کے رویوں کے ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ انحرافات کو ان کی شدّت کے لحاظ سے پانچ درجوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ جب بھی مناسب ہو یا ممکن ہو تو مداخلتوں کو انضباطی جواب کی سب سے نچلی سطح سے شروع کرنا چاہئیے۔

پرنسپل، اساتذہ، سکول کا عملہ، طلبا اور والدین کو یہ جان لینا چاہئیےکہ کونسے انضباطی اقدامات لئے جا سکتے ہیں جب ایک طالب علم برا رویہ اختیار کرے یا جب وہ جماعت میں خلل پیدا کرے۔ ضابطہ اصول کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، حصہ اول درجہ K-5 تک اور حصہ دوم درجہ 6-12 تک، اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ طالب علم کي عمر اور بالغ پن کا خیال رکھا جائے. درجہ K-3 میں کچھ انحرافات شاید بعض طلبا پر لاگو نہ ہوں.

انحراف کے بتدریج درجے	
سطح 1	غیر معاونتی/نا فرمان رویہ
سطح 2	بے نظم رویہ
سطح 3	انتشار آمیز رویہ
سطح 4	جارہانہ یا نقصان دہ/نقصان دہ رویہ
سطح 5	شدید خطرناک یا وحشیانہ رویہ

انحراف کی ہر سطح ممکنہ رہنما مداخلتیں اور اس کے ساتھ ساتھ کم سے کم اور ذیادہ سے ذیادہ ممکنہ اصولی ضوابط پر مشتمل ہے جو کہ ایک استاد، پرنسپل، سکول کے دفتر یا ترقی نوجوان کا افسر اعلی یا چآنسلر یا برادری نگران کا کوئی نامزد لاگو کر سکتا ہے۔

شمار کنندہ تمام انحرافات شمول نہیں ہیں۔ جو طلبا ایسے کام میں ملوث ہوتے ہیں جو درج نہیں ہے ان کو سکول کی خلاف ورزیوں کے حساب سے استاد، پرنسپل، سکول کے دفتر یا ترقی نوجوان کا افسر اعلی یا چآنسلر یا برادری نگران کا کوئی نامزد کی جانب سے سزا دی جاتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ طلبا اور والدین ان رویوں سے آگاہ ہوں جن کی ان سے سکول توقع رکھتا ہے سکول کے ضوابط کو اصول ضوابط کے ساتھ لکھا اور تقسیم کیا جانا چاہئیے۔

کہاں اور کب اصول ضوابط لاگو ہوتا ہے

اصول ضوابط میں جو میعار رکھے گئے ہیں جن کا اطلاق ان رویوں پہ ہوتا ہے:

- سکول میں سکول کے اوقات کے دوران
- سکول کی جگہ پرسکول لگنے سے قبل یا بعد میں، سکول کی جگہ پر
- ان سواریوں میں سفر کرنے کے دوران جن میں NYC DOE, کی سرمایہ کاری ہو
- سکول کی طرف سے کی گئی تقریبات میں
- سکول کی ملکیت کے علاہ جگہوں پر جب ایسا رویہ نصابی نظام پر منفی اثر کر رہا ہو یا سکول کی برادری کی صحت، تحفظ، اخلاق، یا فلاح و بہبود خطرے میں ہوں۔

جب غلط رویے میں روابط، اشارے یا علامتی رویہ شامل ہوں انحرافات کا اطلاق زبانی، تحریری، یا الیکٹرانک پر ہوتا لیکن صرف ٹیکسٹنگ، ای میل اور سوشل نیٹ ورکنگ پر محدود نہیں ہے۔

پرانی مداخلتوں اور/یا پرانی مناسب انضباطی کاروائیوں کے باوجود اگر کوئی طالب علم بار بار برے رویے میں ملوث ہوتا ہے تو اصول ضوابط اس کیلئے درجہ بدرجہ احتساب کے اقدامات تجویز کرتا ہے۔

جو طلبا لگاتار بد اعمالی کا مظاہرہ کرتے ہیں ان پر مزید شدید احتسابی اقدامت کو لاگو کیا جائے گا۔ ایسے سزاؤں کے انعقاد سے پہلے، جب بھی ممکن اور مناسب ہو سکول کے حکام کو کم سخت اصول ضوابط اور رہنما مداخلتیں اپنانی چاہئیں۔

رہنما مداخلتیں

مثبت رویے کو بڑھانے کیلئے سکول پورا سالکئی طرح کی مداخلتیں اور امتناع مہیا کرتے ہیں اور سکول کے اوقات کے بعد اور سکول میں طلبا کو کئی خدمتیں مہیا کرتے ہیں۔ جب ایک طالب علم بد اعمالی کا مظاہرہ کرتا ہے تو اصول ضوابط نہ ختم ہونے والی رہنما مداخلتوں کی فہرست مہیا کرتا ہے جن کا انتخاب اس قسم سے کرنا چاہئیے جس قسم کے رویے کا طالب علم مظاہر کرتا ہے۔

جب رہنما مداخلتوں کو لگاتار اور مناسب طریقے سے استعمال کیا جائے، رہنما مداخلتیں طالب علم کے رویے کو بہتے بنانے میں مدد دیتی ہیں جو کہ سکول کے مثبت ماحول میں مددگار ہوتا ہے۔ رہنما مداخلتوں کو ایک جامع جوابی کاروائی کے طور پر اطلاق کرنا چاہئیے اور طلبا کو انضباطی عمل کی ہر سطح پر معاونت وصول کرنی چاہئیے بشمول معاون خدمتوں میں شامل ہے کوئی بھی مداخلت یا مداخلتوں کا ایک مرکب جو کہ ایک انفرادی طالب علم کی ضروریات پوری کرتا ہو۔

رہنما مداخلتوں کی اقسام	
والدین تک پہنچ: سکول کے عملے کو والدین کو ان کے بچے کے رویے کے بارے میں مطلع رکھنا چاہئیے اور متعلقہ شعبوں میں والدین کو بطور ساتھي شریک کرنا چاہئیے. والدین تک پہنچ کے لیے،شامل ہیں لیکن محدود نہیں ہیں، فون کال اور/یا تحریری رابطہ۔	**قلیل مدت رویے میں بہتری کی رپورٹس:** اساتذہ اور/یا پرنسپلز رویے میں بہتری کی رپورٹس والدین کو بھیج سکتے ہیں جب تک وہ یہ محسوس نہ کریں کہ طالب علم اپنے رویے کو قابو میں رکھ سکتا ہے اور کمرہ جماعت میں کامیابی سے کام کر رہا ہے۔
رہنماء کانفرنس: پرنسپل اور اساتذہ طالبعلم کے ساتھ اور جہاں مناسب ہو والدین کے ساتھ رہنماء کانفرنس کی درخواست کرسکتے ہیں۔ کانفرنس کا مقصد رویے کی نظرثانی کرنے،مسائل کا حل ڈھونڈنے اور تعلیمی،ذاتی اورر سماجی مسائل کا ازالہ کرنا جس کے باعث رویہ کو بہتر کرنے مدد مل سکتی ہے۔	**انفرادی رررویہ معاہدہ کی ترقی:** طالبعلم تحریری معاہدے کی تشکیل کے لیے اساتذہ سے ملتا/ملتی ہے جس میں مقاصد اور مخصوص کارکررگی اہداف شامل ہیں جن پر طالبعلم ان مقاصد کی تکمیل کے لیے عمل کرے گا۔ معاہدہ پر طالبعلم اور استاد اور جہاں مناسب ہو والدین کے دستخط ہوتے ہیں۔
مشاورتی عملے کی مداخلت: جب بھی میسر ہو تو ینبیاد بر سکول کارندے اور/یا بنیاد بر ذہنی صحت پرروگرام وسیع نوعیت کی جامع اور راذدارنہ ذہنی صحت خدمات اور مداخلتیں مہیا کرتے ہیں، بشمول، والدین اور عملے کیلئے لیکن صرف ان تک نہین؛ جائزے، انفرادی، گروپ اور خاندانی تھراپی، استاد مشاورت اور تعلیمی حکمت عملیاں۔	**پی پی ٹی طرف حوالہ(شاگرد عملہ ٹیم):** شاگرد عملہ ٹیمیں سکول مبنی ٹیمیں ہیں جو بچاؤاور مداخلت کی حکمت عملیوں اور معاونت کے ذریعے کثیر انضباطی لائحہ عمل اپنا کرطالبعلم کی کامیابی کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔ ہر طالبعلم حوالہ کے لیے ایک کیس مینیجر کی نشاندہی کی جاتی ہےتاکہ طالبعلموں کے تعلیمی اور/یا سماجی-جذباتی مشکلات پر قابو پانے کے سلسلے میں ان کی مدد کی جاسکے۔
کمیونٹی سطح کی تنظیم کی طرف حوالہ(سی بی او): سکول پروگرام سازی،انفرادی یا گروہی مشاورت،قیادت کے فروغ،حل تنازعہ اور تعلیمی تربیت سمیت بیشتر خدمات کے لیے طالبعلوں کو کمیونٹی سطح کی تنظیموں کی طرف بھیجا جا سکتا ہے۔	**چیز کس غلط استعمال بارے مشاورتی خدمات کی طرف حوالہ:** ایسی صورتحال میں جہاں طالبعلم کو چیز کے غلط استعمال کے حوالے سے مشکلات درپیش ہیں،بشمول غیرقانونی ادویات کا استعمال،تقسیم یا تصرف،منشیات آور اشیاء،اور/یا الکوحل،مسئلہ مشاورتی خدمات کے حوالےکیا جائے گا جو یا تو سکول کے اندر ہیں یا کمیونٹی سطح کی باہر کی تنظیم کے ذریعے۔
انفرادی/کروہی مشاورت: مشاورت طالبعلموں کو اپنے مسائل کو رازداری کے ساتھ بانٹنے کا ذریعہ مل جاتا ہے۔جو مسائل ان کی حاضری،رویے،اور/یا تعلیمی کامیابی پر منفی اثرات مرتب کرسکتے ہیں۔ طالبعلم اہداف کو زیربحث لاتے اور اہداف سازی کرسکتے ہیں،اور مشکلات کو حل کرنے کی حکمت عملیاں سیکھتے ہیں جس کے باعث وہ مختلف نوعیت کی مشکلات پر قابو پانے کے قابل بنتے ہیں۔ طالبعلم کی تعلیمی اور ذاتی ترقی کو زیربحث لانے کے لیے مشیر والدین کے ساتھ مستقل بنیادوں پر کانفرنس کریں گے	**کمیونٹی سروس(والدین کی رضامندی کے ساتھ):** طالبعلموں کو کمیونٹی سروس کے مواقع فراہم کیے جاسکتے ہیں تاکہ انہیں اپنے سکول کے گردونواح کے بارے میں زیادہ آگاہی حاصل ہو اوروہ مثبت سماجی تبدیلی کے ایجنٹ بننے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو فروغ دے سکیں۔ کمیونٹی خدمات کے باعث طالبعلموں کو اپنا وقت مثبت سرگرمیوں میں گزارنے،منفی رویے کو ترک کرنے اور دوسروں کی خدمت کرنے کی قدر معلوم کرنے میں مدد ملتی ہے۔
رہنمائی پروگرام: ایک رہنمائی پروگرام ایک استاد کی رہنمائی میں چلتا ہے جو ایک مشیر،استاد،طالبعلم اور/یا ایک زیر نگرانی رہنماء ہو سکتاہے۔ اس تعلق کا مقصد زیرنگرانی فرد کو اس کی ذاتی،تعلیمی اور سماجی ترقی کے حصول میں مدد کرنا ہے۔	**رہنماء/تربیت کار:** سکول عملے کے ایک تربیت یافتہ رکن کو سپرنٹنڈٹ کی جانب سے معزولی یا طویل غیرحاضری سے واپس آنیوالے طالبعلم کی عبوری معاونت کرنے کی ذمہ داری تفویض

رہنما مداخلتوں کی اقسام	
تعصب پر مبنی ڈرانا،دھمکانا،یا ہراساں کرنے بارے مشاورتی خدمات کی طرف رجوع: جب کوئی طالبعلم یا طالبعیلموں کا گروہ کسی دوسرے طالبعلم یا طالبعلموں کے گروہ کو تعصب پر مبنی دھمکانے،ڈرانے یا ہراساں کرنے کا مظاہرہ کرے تو متاثرہ اور ایسے رویے کا مظاہرہ کرنے والوں،دونوں کو الگ الگ سکول عملے یا ایک کمیونٹی سطح کے ادارے کی فراہم کردہ مشاروتی،معاونتی اور تعلیمی خدمات کی طرف بھیجنا چاہیے۔ تعصب پر مبنی ڈر،دھمکی یا ہراسیمگی کے لیے نہ مصالحت اور نہ ہی حل تنازعہ موزوں مداخلتیں ہیں۔	**نوجوانوں کے تعلقات کے غلط استعمال یا جنسی تشدد کے لیے مشاورتی خدمات کی طرف رجوع:** جب ایک فرد اپنے ڈیٹنگ ساتھی کو کنٹرول کرنے کے لیے دھمکی آمیز یا جسمانی،جنسی،اور/یا جذباتی تشددکانشانہ بناتا ہے تو مشاورت،معاونت،اور تعلیم کے لیے سکول کو متاثرہ اور ایسے مظاہرہ کرنے والے،دونوں کو الگ الگ کمیونٹی سطح کے اداروں کی طرف بھیجنا چاہیے۔ ہر قمسم حالات میں نہ مصالحت اور نہ ہی تنازعہ حل تعلقات کے مشتبہ غلط استعمال کے لیے موزوں مداخلتیں ہیں۔

بحالی تدابیر

ایک بحالی تدبیر، ممانعتی اور مداخلتی، دونوں اقدامات کے طور پراستعمال کی جا سکتی ہے۔ بحالی کے طریقے سکولوں کو تعلقات بنانے اور برادری کے ارکان کو دوسروں کی خیر و عافیت کی ذمہ داری لینے کے لیے با اختیار کرسکتے ہیں، اختلاف بڑھنے سے قبل اس کی ممانعت کرتا ہے یا نمٹنتا ہے؛ ان بنیادی عناصر سے نپٹنا جو نوجوان نسل کو نامناسب رویے کی جانب لے جاتی ہے اور ابھارتی ہے؛ جنہوں نے دوسروں کو نقصان پہنچایا ہے، ان میں ایسی سماجی صلاحیتیں بڑھائیں جو دوسروں کے ساتھ تعلقات بہتر کرنے میں مدد کرتی ہیں؛ اور برا کرنے والوں کو موقع فراہم کریں کہ وہ ان لوگوں کے سامنے جواب دہ ہوں جن کو انہوں نے نقصان پہنچایا ہے اور انہیں اس قابل کریں کہ جہاں تک ممکن ہو کیے گئے نقصان کا ازالہ کریں۔

جب مداخلتی اقدام کے طور پر استعمال کیا جائے، نظم و ضبط کے لیے کوئی بحالی تدبیرکرنا ان بنیادی سوالات کو تبدیل کرتا ہے جو ہم کسی رویے سے متعلق واقعہ پیش آنے کے وقت پوچھتے ہیں۔ یہ پوچھنے کی بجائے کہ کس کو قصور وار ٹھہرایا جائے اور برے رویے میں ملوث ہونے والوں کو کس طراح سزا دی جائے گی، ایک بحالی تدبیر چار اہم سوال پوچھتی ہے:

- ہوا کیا ہے؟
- اس رویےسے کس کو نقصان پہنچا یا اثر انداز ہوا؟
- درست کام کے لیے کیا کرنا چاہیے؟
- مستقبل میں لوگ کس طرح مختلف رویے کا مظاہرہ کرسکتے ہیں؟

بحالی تدابیر کی اقسام

دائروی طریقہ: دائروی، ممانعتی اور مداخلتی، دونوں حکم عملی کے طور پر کار آمد ہیں۔ دائروی جن میں طلبہ کے گروہ (یا عملہ یا طلبہ اور عملہ) شرکت کریں باقاعدہ مشق کےطور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ دائروی کو کسی ایسے خاص مسئلہ کے ردعمل میں بھی استعمال کیاجاسکتا جو برادری پر اثر انداز ہو رہا ہو۔ ایک دائروی طریقہ ایک گروہ کو ہم آہنگی اور بھروسہ قائم کرنے کے قابل بناتا ہے، برادری کے نظام کا شعور پیدا کرتا ہے، مجموعی فیصلہ کرنا سکھاتا ہے، باہمی فلاح کے لیے معاہدے تشکیل دیتا ہے، پیچیدہ مسئلوں کو سلجھاتا ہے، وغیرہ۔

باہمی بات چیت: ایک باہمی بات چیت کا طریقہ استعمال کرنا ایک فرد کو کسی مسئلہ یا تنازے پر اس شخص سے براہراست بات کرنے کے قابل بناتا ہے جس کے ستھ وہ اختلاف رائے رکھتا ہے تا کی کسی باہمی اطمینان بخش سلجھاؤ تک پہنا جا سکے۔ باہمی بات چیت میں دھیان سے سننا اور دیگر تنازے کے سلجھاؤ کی صلاحیتیوں کی تعلیم شامل ہیں۔

ہم رائے مصالحت: ایک غیر جانب دار، تیسری پارٹی کا ثالث (سکول میں ایک طالب علم جس کو ہم رتبہ ثالث کی خرمات انضام دینے کی ترنیت دی گئی ہو) دو پارٹیوں کے لیے، جن کے درمیاں کویہ تنازا ہے، مزاکرات کا عمل سہل کرتا ہے تاکہ وہ اطمینان بخش باہمی سلجھاؤ پر آ جائیں۔ مصالحت تسلیم کرتی ہے کہ تنازعتی نقطہ نظر جو تنازعہ رکھنے والے سامنے لائے ہیں وہ ہاجواز ہیں اور تنازعہ رکھنے والوں کو کوئی ایسا حل نکالنے میں مدد کرتے ہیں جو دونوں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ تنازعہ رکھنے والوں کو ثالث کا استعمال منتخب کرنا چایئے اور اپنی مر ضی سے اس عمل میں شامل ہونا چاہیئے۔ مصالحت ان حالات میں استعمال نہیں ہوتی جن میں ایک فرد کو کسی نے نشانہ بنایا ہو (مثلا'، حراساں کرنے اور دھمکانے کے معاملات میں)

باقاعدہ بحالی کی کانفرنس: ایک کانفرس اس فرد کی طرف سے منظم کی جاتی ہے جن کو مخصوص تربیت دی جاتی ہے کہ وہ ان افراد کو اکٹھا کریں جن کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے اور ان کو جن کا نقصان ہوا ہے۔ حالت بلا غرض، اس فرد کی ذہنی، جسمانی صحت اود فلاح و بہبود کی اہمیت سب سے ذیادہ ہے جس کو نقصان پہنچا ہے جب اس صورتحال کا سکول کے ماحول میں جائزہ لیا جائے۔ دونوں فریق اپنے حامیوں کو لا سکتے ہیں، اس واقعہ سے جو اثر انداز ہوئے ہوں۔ کانفرنس کا مقصد نقصان کرنے والے اور نقصان کا شکار بننے والے دونوں کو ایک دوسرے کے نظریات کو سمجھ کر کسی باہمی معاہدے پر پہنچانا ہے، جس سے نقصان کا جہاں تک ہو سکے ازالہ کیا جا سکے۔

مدد اور انضباطی نتائج کی بڑھتی ہوی سیڑھی

نیچے دیے گئے مدد اور ترقی کی سیڑھی نامناسب رویےکے ایک بہتری کی جانب جاتے ہوئے ردعمل کو واضح کرتی ہے۔ طالب علم کے برے رویے کو کیس بہ کیس کی بنیاد پر نمٹانا چاہیے۔ تمام معاملات میں، موزوں مداخلتی اقدامات اور/یا انضباطی نتائج کے اطلاق میں بہت سے عناصر کو مد نظر رکھنا چاہیے جن میں غلط رویے کی نوعیت اور سنجیدگی شامل ہیں۔ کچھ معاملات میں بنیادی اور/یا رہنما مداخلت کا استعمال سب سے موزوں ہو سکتے ہیں۔ دیگر معاملات میں، کسی طالب علم کے غلط رویے کو، رہنما مداخلت کے ساتھ ساتھ، کسی حدف شدہ یا غیر معمولی انضباطی ردعمل سے مخاطب کرنے کی ضرورٹ پڑ سکتی ہے۔

رہنماء مداخلتوں کے اختیارات		انضباطی جوابی اقدامات کے اختیارات
نگران کے معطل یافتہ طالبعلموں کو ایک متبادل ہدایاتی مقام پر طلبہ خدمت فراہم کی جاتی ہے۔ مقام اور طالبعلم کے ہوم سکول کے مابین رابطہ قائم کیا جاتا ہے تاکہ اس کی تعلیمی ترقی اور واپسی سے کامیاب منتقلی کو یقینی بنایا جاسکے۔	جب ایک طالب علم بد اعمالی کا مظاہرہ کرتا ہے تو طالب علم کی ضروریات کو حل کرنے کیلئے یا تو علیحدہ سے یا پھر انضباطی کاروائی کے ساتھ معاون خدمات مہیا کی جاتی ہیں۔ اس کا مقصد سماجی جذباتی نشوونما اور سماج دوست رویہ کو فروغ دینا ہے اور ستقبل میں بد سلوکی کو روکنا ہے۔	**نمایاں نتائج** • متبادل ہدایتی سائٹ (1 سال) کو تعیناتی • متبادل ہدایتی سائٹ (90 دن تک) کو تعیناتی
• اساتذہ کانفرنس/کمرہ جماعت مشاہدہ • ہم رائے مصالحت اور/یا قابل عمل بحالی کنندہ حکمت عملیوں سمیت دیگر رویہ جاتی معاونتیں • رہنماء/تربیت کارکا تقرر • کمرہ جماعت میں رہنمائی بارے اسباق • انفرادی رویہ معاہدہ (ایلیمنٹری سطح) • شاگرد کارندہ ٹیم کو حوالہ • رہنماء کانفرنس • والدین سے روابط • انفرادی یا گروہی مشاورت • نگرانی پروگرام • سکول نرس یا سکول میں واقع صحت کلینک یا بیرونی حفاظت صحت فراہم کنندہ • تعلیمی مداخلتی خدمات کے لیےرجوع • بیرونی ذہنی صحت مشاورت فراہم کنندہ یا کمیونٹی سطح کی تنظیم سے رجوع • چیز کے غلط استعمال بارے مشاورتی خدمات کی طرف رجوع • اٹینڈینس استاد/رابطہ کار کی طرف رجوع		**اہدافی نتائج** • پرنسپل معطلی (5 دن تک) • استاد کی جانب سے جماعت سے باہر نکال دینا **بنیادی نتائج** • انفرادی رویہ معاہدہ • قلیل مدتی رویہ جاتی ترقی کی رپورٹ • شاگرد کارندہ ٹیم کو حوالہ • طالب علم کے ساتھ سپروائزر کی کانفرنس • سکول انضباطی اعمال میں • والدین کانفرنس
سکول مشیر اور/ یا معاونت عملہ اور/یا منتظم-طلبہ کانفرنس		ملتظم اور/ یا مہتمم اعلی - طلبہ کانفرنس
طلبہ معاونتیں		**ترقی پسند انضباطی نتائج**

استاد والدین سے رابطہ کرتا ہے اور طالبعلم کے رویے کی نوعیت اورشدت اورعمر اور اس کی شعوری سطح کو مد نظر رکھتے ہوئے ذیل میں سے ایک یا زیادہ اقدامات اٹھا سکتا ہے: طالبعلم کے ساتھ کانفرنس کرتا ہے،طالبعلم کو سکول مشیر اور/ یا پی پی ٹی کی طرف بھیجتا ہے اور / یا طالبعلم کو مہتم اعلی کی طرف بھیجتا ہے(مڈل اور ہائی سکول سطح۔) طالبعلم کے رویے سے نبٹنے کے لیے بنیادی انضاطی نتائج کے لی ایک یا زیادہ مداخلیتیں اور/ یا اختیارات استعمال کیے جاتے ہیں۔

طالبعلم مشکل کاسامتا کرتا ہےیاغیر مناسب رویہ میں مشغول ہوتا ہے

تمام طلبہ کےلیے عالمی بچاؤ

سکول ایک جامع طالبعلم معاونت پروگرام فراہم کرتا ہے جس میں رہنمائی بارے خدمات،سماجی جذباتی علمیت کے مواقع،طالبعلم مصروفیت کے مواقع،اور تدارک اور مداخلت رویہ جاتی معاونت شامل ہے جس کا مقصد طالبعلم میں سماج دوست رویہ اجاگر کرنا اورسکول کمیونٹی کے ساتھ مثبت تعلق قائم کرنا ہے۔ سکول میں مداخلت اور/ یا معاونتی خدمات کے ضرورت مند طلبہ کی اوائل نشاندہی کا نظام موجود ہے۔

طلبہ کے حقوق و ذمہ داریوں کی دستاویز، K-12

افتتاحیہ

نیو یارک سٹی پبلک سکولز طلبہ،والدین اورعملے میں باہمی احترام کااحساس پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ سٹی سکولز طلبہ کو سکول کمیونٹی کے اندر اورباہر ایسی سرگرمیوں اور پروگراموں میں بھی مشغول کرتے ہیں جو شہری ذمہ داری اور کمیونٹی خدمت پر زور دیتے ہیں۔ ہماری سکول کمیونٹی کے تمام اراکین کے تعاون کے ساتھ،طلبہ ایک شاندار علمی تجربے سے مستفید ہوتے ہوئے تعلیمی فضیلت حاصل کرسکتے ہیں۔ ایک متنوع معاشرے میں مفید شہری بننے کے حوالے سے یہ دستاویز طلبہ کے رہنما ثابت ہو سکتی ہے۔

I. مفت پبلک سکول تعلیم کا حق

اگرچہ پبلک سکول مختلف عمر کے لوگوں کی خدمت کرتے ہیں جن کے حقوق ان کی شعوری سطح کے مطابق ایک جیسے نہیں، مفت پبلک سکول تعلیم کا حق ایک بنیادی "طالبعلم حق" جو تمام بچوں کو جاصل ہے۔ طلبہ کو حق ہے:

1. سکول حاضر ہو سکتے ہیں اور کنڈر گارٹن سے 21 برس کی عمر تک مفت پبلک سکول تعلیم حاصل کرسکتے ہیں یا ہائی سکول ڈپلومہ کی رسید حاصل کرسکتے ہیں قانون کے مطابق جو بھی پہلے جو بھی پہلے آئے؛انگریزی زبان آموز کاروں کی حیثیت سے داخل ہونیوالے طلبہ دوزبانی تعلیم انگریزی بطور ثانوی زبان کے حقدار ہیں جیسا کہ قانون میں کہا گیا ہے؛خصوصی تعلیم کی صف میں شمار کیے گئے معذور طلبہ 3 سے 21 برس کی عمر تک مفت موزوں پبلک تعلیم حاصر کرنے کے حقدار ہیں جیسا کہ قانون میں بتایاگیا ہے۔
2. ایک محفوظ اور مددگار پڑھائی کے ماحول میں رہنا، امتیازی سلوک،ہراسیمگی،دھمکیوں اور تعصب سے آزاد ہونا، اور اگر وہ محسوس کریں کہ وہ اس رویے کا شکار ہیں تو(چانسلرز ریگولیشنز A-830,A-831 اور A-832 دیکھیں)؛
3. حقیقی یا تصوراتی عمر،نسل،عقیدے،رنگ،جنسی شناخت،جنسی اظہار،مذہب،قومی اصلیت، شہریت/نقل مکانی کی حالت،وزن،جنسی رجحان،جسمانی اور/ یا جذباتی حالت،معذوری، ازدواحی حالت اور سیاسی عقائد سے قطع نظر دوسروں سے عزت اور احترام حاصل کرنا؛
4. داخلے کے اوائل میں یا سکول سال کے دوران انضباطی ضابطہ اور نیو یارک سٹی شعبہ تعلیم کی دستاویز برائے طلبہ حقوق و ذما داریاں سمیت سکول کی پالیسیوں اور ضوابط کی تحریری نقل حاصل کرنا؛
5. کورسوں اور امتحانات سمیت ڈپلومے کی شرائط اور ان شرائط کو پورا کرنے بارے معلومات سے آگاہ کرنا؛
6. صحت،ادراک اور زبان کے اسکریننگ امتحانات بارے آگاہی ؛
7. سکول میں دستیاب شدہ کورسوں اور پروگراموں بارے آگاہ ہونے اور اختیاری کورسوں کے چناؤ میں عمل دخل رکھنے کا موقع؛
8. پیشہ وارانہ ہدایات حاصل کرنا؛
9. تمام مضامین میں درجہ بندی کرنے کا معیار جاننا اور/ یا سکول کی جانب سے پیشکش کیے جانیوالے کورس کے بارے میں علم رکھنا اور قائم شدہ معیار کی بنیاد پر مکمل شدہ سکول کام کے لیے درجے حاصل کرنا؛
10. تعلیمی پیش رفت سے آگاہ ہونے اور غیررسمی اور رسمی پیش رفت رپورٹس کے ذریعے سلسلہ وار تجزیے حاصل کرنے کے حقدار ہیں؛
11. انہیں درجہ میں روکے رکھنے یا کورس میں ناکام ہونے کے امکان کے بارے میں بروقت آگاہ کیاجائے؛
12. درجہ میں روکے رکھنے ناکام ہونے بارے اپیل کے حق سے آگاہ کیا جائے؛
13. سکول سسٹم کے زیرتحویل طلبہ ریکارڈ کو کنٹرول کرنے میں رازداری برتی جائے گی؛
14. درخواست یا والدین کی درخواست کے ذریعے رابطہ معلومات لینا جسے اعلی تعلیمی اداروں اور/ یا فوجی بھرتی کاروں سے روکے رکھا گیا تھا؛
15. ذاتی،سماجی،تعلیمی،اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے رہنمائی،مشاورت اور نصیحت حاصل کرنا۔

II. اظہاررائے اور ذات کی آزادی کا حق

تمام طلبہ کے پاس نیو یارک سٹی شعبہ تعلیم کے قائم شدہ پلیسیوں اور قواعد کے مطابق اپنی اراء کا اظہار کرنے،مقاصد کی حمایت کرنے،مسائل زیر بحث لانے کےلیے اجتماع سازی کرنےاور اس مین شامل ہونے اور ان کی حمایت میں پرامن اور ذمہ دارانہ مظاہرہ کرنے کا حق حاصل ہے۔ **طلبہ کو حق ہے:**

1. طلبہ کی ایک نمائندہ طرز حکومت بنانا،اس کو فروغ دینا اور اس میں شرکت کرنا؛
2. برار رسائی ایکٹ کی مطابقت میں طلبہ تنظیموں،سماجی اور تعلیمی کلبوں یا ٹیموں اور سیاسی،مذہبی، اور فلسفیانہ گروہوں کو بنانا،ان کو فروغ دینا اور ان میں شرکت کرنا؛
3. سکول سطح کی موزوں کمیٹیوں میں نمائندگی جو جہاں ممکن ہو ووٹ کی طاقت سے تعلیمی عمل کو متاثر کرتا ہے؛
4. ذمہ دارانہ صحافتی طریقوں کی مطابقت میں اور جائز تدریسی تحفظات پر مبنی مناسب ریگولیشنز کے تحت سکول کی زندگی کی عکاسی کرنے اور طلبہ کے تحفظات اور خیالات کا اظہار کرنے والے سکول اخبارات اور نیوز لیٹرز شائع کرنا؛
5. وقت، مقام اور تقسیم کے انداز بارے سکول کی قائم شدہ مناسب ہدایات کی مطابقت میں سکول کے احاطے میں بذریعہ الیکٹرانک سرکولیشن،اخبارات،لٹریچر یا سیاسی پمفلٹ تقسیم کرنا،ماسوائے اس کے ک جب یہ مواد بے حودہ یا فحش ہے، تجارتی ہے،سکول میں خلل اندازی کا باعث بنتا ہے، بد نظمی پیدا کرتا ہے یا دوسروں کے حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے؛
6. سیاسی یا دیگر اقسام کے بٹن،بیج اور بازو کی پٹیاں پہننا،ماسوائے اس کے کہ ایسا مواد بے حودہ یا فحش ہے، تجارتی ہے،سکول میں خلل اندازی کا باعث بنتا ہے، بد نظمی پیدا کرتا ہے یا دوسروں کے حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے؛
7. سکول کی قائم شدہ مناسب ہدایات کے ماتحت رہتے ہوئے سکول کے اندر یا سکول کی ویب سائٹ پر بلیٹن بورڈ نوٹس آویزاں کرنا،ماسوائے اس کے کہ ایسا مواد بے حودہ یا فحش ہے، تجارتی ہے،سکول میں خلل اندازی کا باعث بنتا ہے، بد نظمی پیدا کرتا ہے یا دوسروں کے حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے؛
8. شعبہ تعلیم کی سکول وردی بارے پالیسی کی حدود میں رہتے ہوئے اور مذہبی تقدس کی مطابقت میں اپنے لباس کا تعین کرنا،ماسوائے اس کے کہ ایسا لباس خطرناک ہو یا درسی اور تدریسی عمل مین مداخلت کا باعث بنے؛
9. اپنی ذات اور املاک کے حوالے سے محفوظ ہوں اور سکول عمارت میں ایسی ذاتی اشیاء رکھ سکیں جو سکول احاطے میں استعمال کرنے کے لیے موزوں ہوں؛
10. جسمانی تلاشیوں سمیت غیر مناسب اور ناروا تلاشیوں سے محفوظ ہوں؛
11. جسمانی سزا اور بد زبانی سے محفوظ ہوں(چانسلر ریگولیشنزA-420 اور A-421 کے مطابق)
12. وفاداری کے عہد کرنے یا عہد پر قائم رہنے سے انکار۔

III. باضابطہ قانونی کارروائی سے مستفید ہونے کا حق

ہر طالبعلم کے پاس حق ہے کہ اس کے ساتھ اس دستاویز میں درج کردہ حقوق کی مطابقت میں شفافیت سے پیش آیا جائے۔ **طلبہ کو حق ہے:**

1. انہیں انضباطی ضابطہ اور سکول کے قواعدو ضوابط فراہم کیے جائیں؛
2. یہ جان سکیں کہ مناسب رویے سے کیا مراد ہے اور کون سا رویہ انضباطی اقدامات کا باعث بن سکتا ہے؛
3. ان کے رویے سے متعلقہ معاملات میں پیشہ وارانہ عملے کے اراکین کو ان سے مشورہ کرنا چاہیے کیونکہ سکول میں ان کی تعلیم اور بہبود پر اثرانداز ہوتا ہے؛
4. پبلک رجحانات اور مخصوص جرام سے آگاہ ہوں؛
5. ان کے خلاف اٹھائے گئے انضباطی اقدامات کی وجوہات سے انہیں بروقت تحریری نوٹس دیا جائے؛
6. سکول ضوابط کی مبینہ خلاف ورزیوں پر انضباطی اقدامات جن کی صورت میں انہیں ان کے استاد جماعت سے معطل یا بے دخل کرسکتے ہیں، ان کے پاس باضابطہ قانونی کارروائی سے مستفید ہونے کا حق حاصل ہے؛
7. اس دستاویز میں درج کردہ اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے حوالے سے سکول اہلکاروں کے اقدامات اور فیصلوں کے خلاف اپیل کرنے کے حق کا علم؛
8. کانفرنسوں اور سماعتوں کے موقع پر والدین اور نمائندوں کے ہمراہ ہوں؛
9. ایسے حالات میں سکول عملے کی موجودگی جن میں پولیس ملوث ہو؛

IV. 18 برس اور اس سے زائد عمر کے طلبہ کے اضافی حقوق

وفاقی خاندانی تعلیمی حقوق و رازداری ایکٹ ("ایف ای آرپی اے") 18 برس کی عمر تک پہنچ جانیوالے طلبہ کو طلبہ کے تعلیمی ریکارڈ کے حوالے سے بعض حقوق فراہم کرتا ہے۔

چانسلر ریگولیشنز A-820 میں درج شدہ قواعد کی مطابقت میں18 برس اور اس سے زیادہ عمر کے طلبہ اپنے تعلیمی ریکارڈ کی انسپکشن کرنے اور نظرثانی کرنے کی درخواست دینے کا حق رکھتے ہیں اور وہ نیو یارک سٹی شعبہ تعلیم کو طالبعلم کی درخواست کی وصولی کے 45 دنوں کے اندر اپنے تعلیمی ریکارڈ کی انسپکشن اور نظرثانی کرسکتے ہیں۔

چانسلر ریگولیشنز A-820 میں درج شدہ قواعد کی مطابقت میں ایف ای آر پی اے کے تحت 18 برس اور اس سے زیادہ عمر کے طلبہ اپنے تعلیمی میں تبدیلی کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں جب انہیں یقین ہو کہ وہ غلط ہے،گمراہ کن ہے یا ان کی رازداری کے خلاف ہے۔

18 سال اور اس سے زیادہ کے طلبا کو یہ حق حاصل ہے کہ ان کے بارے ذاتی معلومات کو کھولنے سے پہلے ان سے تحریری اجازت حاصل کی جائے سوائے اس کے جب FERPA بغیر اجازت کے معلومات کھول لیتا ہے جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- جب سکول کے کسی حاکم کیلئے کھولی جاتی ہے جب اسے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داری پوری کرنے کیلئے ضرورت ہو، اس طرح کے سکول حکام کی مثالیں ہیں؛ نیویارک شہر کا شعبہ تعلیم کی جانب سے بھرتی کئے گئے لوگ (جیسا کہ منتطمین، سپرواؤئزرز، اساتذہ، دوسرے ہدایتکار، یا معاون عملہ) اس کے ساتھ ساتھ وہ عملہ جسے نیویارک شہر کا شعبہ تعلیم نے ان کاروائیوں یا سرگرمیوں کیلئے رکھا ہے جسے عام طور پر اس کا عملہ پوری کرتا ہے(جیسا کہ کارندے، معاہدہ کار اور مشیر) اور وہ جو ذاتی معلومات اور پہچآن کے ریکارڈ کے استعمال میں نیویارک شہر کا شعبہ تعلیم کے براہ راست ماتحت ہیں۔
- اگر ایک طالب علم کسی اور ضلع میں داخلہ لینا چاہتا ہے یا کوشش کررہا ہے یا پہلے ہی داخل ہو چکا ہے تو اس کے داخلے یا تبادلے کیلئے اس کی درخواست پر معلومات افشاء کرنا۔
- ذاتی معلومات کی افشائی کی درسری کچھ استثناء بھی ہیں جن میں شامل ہے (1) پڑتال، جانچ یا کسے دوسرے خاص مقصد کیلئے حکومتی ادارے یا حکام کو اجازت دینا (2) مالی امداد کیلئے جو کہ طالب علم نے درخواست دی ہو یا وصول کی ہو، (3) نیویارک شہر کے شعبہ تعلیم کی اجازت سے تحقیق و معالعہ کرنے والی تنظیموں کیلئے (4) تصدیقی تنظیمیں جو اپنے تصدیقی کام سر انجام دے رہی ہوں (5)18 سال یا اس سے زائد عمر کے طلبا کے والدین کیلئے جو IRS ٹیکس سے مبرای ہوں (6) ایک عدالتی حکم یا عدالتی حاضری نامے پر عمل درآمد کیلئے (7) صحت یا حفاظتی مقاصد کیلئے متعلقہ حکام (8) ایسی معلومات جو نیویارک شہر کے شعبہ تعلیم نے "اندراجی معلومات" قرار دیا ہو۔ ان افشائی اعمال میں ذیادہ تر میں مخصوص اضافی ضروریات بھی درکار ہوتی ہیں۔ ان کے متعلق مزید معلومات کیلئے براہ کرم FEPRA اور چانسلر کا ضابطہ A-820 دیکھیں۔

18 سال سے زیادہ کے طلبا کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ان افشاء کو دیکھ سکیں جو FEPRA کی ضرورت ہیں جب کوئی ذاتی معلومات کی راز افشائی وقوع پذیر ہوتی ہے۔ تاہم سکول پابند نہیں ہیں کہ وہ حکام، عدالتی احکام یا قانونی حاضری نامے یا ذائریکٹری معلومات کی افشائی اور 18 سال کے طلبا وار ان کے والدین کو معلومات افشائی کا انداراج بھی رکھیں۔

18 سال یا اس سے ذیادہ کے طلبا کو یہ اختیار ہے کہ وہ امریکی محکمہ تعلیم میں نیویارک شعبہ تعلیم کے خلاف درخواست دیں اگر وہ یہ محسوس کریں کہ FEPRA ان قوانین کی خلاف ورزی کی ہے۔ دفتر جو FEPRA کا انتظام کرتا ہے کا نام اور پتہ ہے:

Family Policy Compliance Office
U.S. Department of Education
400 Maryland Avenue, SW
Washington, DC 20202-852

۷. طلبا ذمہ داریاں

اس دستاویز میں بیان کئے گئے حقوق کی حفاظت کی ضمانت صرف اور صرف اسی صورت میں دی جاسکتی ہے اگر طلبا ذمہ دارانہ رویے کا مظاہرہ کریں۔ ان ذمہ داریوں سے خلاف ورزی کی صورت میں، اصول ضوابط کے مطابق، انضباطی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ حقوق کے ساتھ ساتھ ذمہ داریوں کی مکمل قبولیت طلبا کو اپنے آپ اور معاشرے کوی پوری خدمت کرنے کا موقع دیتی ہے **طلبا کی ذمہ داری ہے:**

1. سکول میں باقاعدہ اور پابندی سے حاضر ہوں اور اپنی تعلیم کے ہر میدان میں ہر کوشش کریں؛
2. مناسب سازوسامان کے ساتھ جماعت کیلئے پوری طرح تیار ہوں اور اپنی درسی کتابوں اور دوسری اشیاء کو مناسب طریقے سے تیار رکھیں؛
3. کمرہ جماعت اور سکول میں آنے اور جانے کے ضوابط کی پیروی کریں؛
4. سکول کو ہتھیاروں، غیر قانونی ادویات، نشہ آرو چیزوں اور الکوحل سے پاک رکھنے میں مدد کریں؛
5. ایسے پیش آئیں جو سکول میں پڑھائی کے ماحول مددگار ہو اور دوسرے طلبا کی پڑھائی مین بھی مددگار ثابت ہو؛
6. سکول سے حکام سے ایسی معلوما ت کا تبادلہ کریں جو سکول کی برادری کے اراکین کی صحت اور فلاح کو متاثر کر سکتی ہے؛
7. دوسری کی عزت اور مساوات کا احترام کریں اور ایسے رویے سے احتراز کریں جو دوسروں کے حقوق سے انکاری ہو یا ٹکرائے؛
8. سکول کی ملکیت اور دوسری کی ملکیت کا خیال رکھیں چاہے وہ سرکار ی ہو یا نجی؛
9. دوسروں کی حقیقی یا تصوراتی عمر، نسل، اعتقاد، رنگ، جنس، جنسی پہچان، جنسی رجحان، مذہب، قوم ، شہریت/مہاجریت، وزن، جنسی رجحان، جسمانی اور/یا جذباتی حالت، معذوری اور شادی یا غیر شادی شدہ کے باوجود شفیق، مہربان اور محترم رہیں اور ان باتوں کی بنیاد پر کسی کا مذاق نہ اڑائیں؛
10. سکول کے عملے اور طلبا سے مہربانی، سچائی اور معاون طریقے سے پیش آئیں؛
11. بہتر انسانی تعلقات کو پروان چڑھائیں اور سکول کے اراکین کے درمیان سمجھ داری کے پل تعمیر کریں؛
12. تنازعات کو حل کرنے کیلئے بات چیت کا طریقہ اپنائیں؛
13. طلبا کی حکومت کے انتخابات میں رائے شماری کریں؛
14. ذیادہ سے ذیادہ شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنے کیلئے طلبا حکومت کو ایک بامعنی فورم بنا کر ایک مثبت قیادت مہیا کریں؛
15. طلبا کی جسمانی، سماجی اور ثقافتی دلچسپیوں اور ضروریات کی نمائندگی کیلئے غیر نصابی سرگر میوں کے وسیع پروگرام کو ترقی دینے کیلئے سکول کے عملے سے مل کر کام کریں؛
16. ذمہ دارانہ صحافت کے اخلاقی اصولوں کی پاسداری کریں؛
17. سکول برادری سے میل جول کے دوران تقریر، لکھت اور اظہار کے دوسرے طریقوں بشمول الیکٹرانک اظہار بشمول الیکٹرانک اظہار میں فحش، اور غلیظ زبان کے استعال سے احتراز برتیں؛
18. تقریر، لکھت اور اظہار کے دوسرے طریقوں بشمول الیکٹرانک اظہار کے دوران اپنے آپ کو ایسے طریقے سے پیش کریں جو امداد باہمی کو فروغ دے اور تعلیمی عمل پر اثرانداز نہ ہو؛
19. پرامن طریقے سے اکٹھے ہوں اور ان طلبا کے فیصلے کا احترام کریں جو شامل نہیں ہونا چاہتے؛
20. سکول میں اپنی وہی چیزیں لائیں جو خطرناک نہیں اور پڑھائی کے ماحول میں مداخلت نہ کریں؛
21. سکول جمنازیم، جسانی تعلیم کی جماعت، تجربہ گاہ اور دکانوں میں لباس اور سرگرمیوں کے بارے طے ہدایات پر عمل کریں؛
22. اصول ضوابط سے واقف رہیں اور سکول کے قوانین اور ضوابط کی پابندی کریں؛
23. سکول کی طے شدہ پالیسیوں اور قوانین کی پیروی کرنے کیلئے اپنے ساتھی طلبا کیلئے ایک مثال بنیں؛
24. سکول سے متعلقہ کاموں جیساکہ سکول میں ترقی، سماجی اور تعلیمی واقعات اکے بارے والدین کو مطلع رکھیں اور یقینی بنائیں کہ سکول کی جانب سے جو اطلاعات والدین کے نام بھیجی جاتی ہیں وہ ان تک پہنچیں۔

انضباطی ضوابط

معطلیاں

کمرہ جماعت سے تمام معطلیاں اورمعزولیاں چانسلر،ریاستی تعلیمی قانون اور وفاقی قوانین کے متعلقہ ریگولیشز کی مطابقت میں ہونی چاہییں۔ (نوٹ: موسم گرما کے پڑھائی کے دنوں کے لیے طلبہ انضباطی ضوابط پڑھائی کے مستقل دنوں کے دوران استعمال ہونیوالے ضوابط سے مختلف ہوتا ہے اور الگ جاری ہوتا ہے۔) طلبہ ریکارڈ میں ہونیوالا تمام اندراج چنسلر ریگولیشنA-820 کی مطابقت میں ہونا چاہیے۔

تمام سکولوں میں طلبہ پر پانچ سے زیادہ دنوں کی معزولی کا اطلاق سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کے چیف ایگزیکٹو افسر یا چنسلر کے کسی دوسرے نامزد شدہ فرد کی طرف سے ہونا چاہیے یا مڈل سکولوں میں طلبہ کے لیے کمیونٹی سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے ہونا چاہیے۔ حوالے کی آسانی کے لیے "نگران کی جانب سے معذولی" کی اصطلاح سے مراد اس ساری دستاویز میں چیف ایگزیکٹو افسر سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر یا چنسلر کے نامزد شدہ فرد کی جانب سے ہونیوالی معذولیاں اور کمیونٹی سٹرنٹنڈنٹ کی جانب سے ہونیوالی معذولیاں لیا گیا ہے۔

معذولی سے واپس آنیوالے طلبہ کو معاونتی خدمات فراہم کرنی چاہییں تا کہ سکول کمیونٹی کے سماجی اور تعلیمی معیار کو حاصل کرنے کی ان کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

انضباطی جوابی اقدامات

درج ذیل انضاطی جوابی اقدامات چانسل ریگولیشن A-443 کے تمام مطلوبہ قواعد کی مطابقت میں لاگو ہونے چاہییں۔

ایک استاد کی جانب سے کمرہ جماعت سے نکال دیا جانا: استاد ایک ایسے طالبعلم کو 1سے4 دنوں کے لیے کمرہ جماعت سے باہر نکال سکتا ہے جو تعلیمی عمل میں واضح خلل اندازی کے رویے کا مظاہرہ رکرتا ہے یا کمرہ جماعت میں استاد کی اتھارٹی میں واضح مداخلت کرتا ہے۔	نکالے جانیوالے طلبہ کو سکول کے اندر ایک مقام پر بھیجا جائے گا جہاں انہیں جماعت کے کام اور گھر کے کام سمیت جاری تعلیمی خدمات فراہم کی جائیں گی۔ اگر کسي طالبعلم کو کوئي استاد ایک سمسٹر کے دوران 3 مرتبہ یا تین ماہ کے دوران 2 مرتبہ کمرہ جماعت سے نکالتا ہے، اور پھر بھي طالبعلم ایسے رویے کا مظاہرہ کرتا ہے جو کہ استاد کي جانب سے اسے کمرہ جماعت سے نکالےجانے کا سبب بن سکتا ہے تو اس صورت میں پرنسپل کي طرف سے معطلي حاصل کرنا ضروري ہے.
پرنسپل کی جانب سے معذولی: پرنسپل کے پاس طالبعلم کو 1 سے 5 دنوں تک معطل کرنے کا اختیار ہے اگر طالبعلم کا رویے سے کسی طالبعلم یا دیگر طالبعلموں یا سکول عملے کو جسمانی گزند پہنچانے کا واضح خدشہ ظاہر ہوتا ہو، یا جماعتوں یا سکول کی دیگر سرگرمیوں کی باضابطہ کارروائی کی راہ میں حائل ہوتا ہو۔	معطل شدہ طلبہ کو گھر کے کام اور جماعت کے کام سمیت متبادل ہدایات فراہم کی جانی چاہییں۔

نگران کی جانب سے معطلی:

نگران کی جانب سے معطلی کا دورانیہ پانچ دنوں سے بڑھ سکتا ہے۔

نگران کی جانب سے معطل ہونیوالے طالبعلم کو سننے کا موقع دیا جائے جس میں طالبعلم کو اپنے طرف سے شہادت پیش کرنے اور گواہوں کو پیش کرنے اور سکول کے گواہوں سے سوالات کرنے کا موقع دیا جائے۔

اگر سکول الزامات کو ثابت کرتا ہے اور معطلی برقرار رہتی ہے، تو سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کے چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کے نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران درج ذیل میں سے کوئی ایک کا نفاذ کرسکتے ہیں:

فوری بحالی: سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کا چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کا نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران معطلی کی برقراری کے فیصلے کے فوری بعد معطل شدہ میں طالبعلم کو بحال کرسکتا ہے۔
6-10 دنوں کی مقررہ مدت کے لیے جاری معطلی: سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کا چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کا نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران سکول سے طالبعلم کی معطلی 6-10 دنوں کی مقررہ مدت کے لیے جاری رکھ سکتا ہے جس دوران طالبعلم کو سکول عمارت سے باہر ایک مقام پر متبادل تعلیم دی جائے گی۔ معطلی کے خاتمے پر طالبعلم کو اس کے حقیقی سکول میں بحال کردیا جائے گا۔
30 یا 60 دنوں کے بعد خودکار نظرثانی کے ساتھ 30-90 دنوں کی توسیع شدہ معطلی: سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کا چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کا نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران حکم جاری کرسکتا ہے کہ ایک طالبعیلم کو 30-90 دنوں کے لیے معطل کردیا جائے اور 30 دنوں سے زیادہ معطلی کی صورت میں 30 یا 60 دنوں کے بعد اوائل بحالی کے لیے خود کار نظرثانی کے ساتھ ایک متبادل ہدایاتی مقام پر منتقل کیا جائے۔ طالبعلم کی بحالی کی تاریخ کاتعین کرنے کے لیےسکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کا چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کا نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران ہدایاتی تسلسل جاری رکھنے کے لیے ممکنہ حد تک سکول کلینڈر پر غورکرے گا۔ اگر اوائل بحالی نہیں کی جاتی تو معطلی کے باقی دورانیے میں طالبعلم کو متبادل ہدایاتی مقام پر رکھا جائے گا اور معطلی کے خاتمے پر معطل شدہ سکول میں بحال کیا جائے گا۔
6 ماہ بعد اوئل بحالي کے لیے خودکار نظرثاني کے ساتھ معطلي اورایک متبادل ہدایاتي مقام پر منتقلي: سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کا چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کا نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران حکم جاری کرسکتا ہے کہ ایک طالبعلم کو ایک سال کے لیے معطل کردیا جائے اور 6 ماہ کے بعد اوائل بحالی کے لیے خود کار نظرثانی کے ساتھ ایک متبادل ہدایاتی مقام پر منتقل کیا جائے۔ اگر اوائل بحالی نہیں کی جاتی تو معطلی کے باقی دورانیے میں طالبعلم کو متبادل ہدایاتی مقام پر رکھا جائے گا اور معطلی کے خاتمے پر معطل شدہ سکول میں بحال کیا جائے گا۔
اوائل بحالی کے امکان کے بغیر ایک سال کی معطلی اور ایک متبادل ہدایاتی مقام پر منتقلی: سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کا چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کا نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران طالبعلم کو اوائل بحالی کی عرضداشت کا موقع دیے بغیر ایک برس کے لیے معطل کرسکتا ہے۔ طالبعلم کو سال کے لیے متبادل ہدایاتی مقام پر رکھنا چاہیے۔ ایک سال کی مدت کے خاتمے کے بعد،طالبعلم کو اس سکول میں بحال کیاجائے گا جس سے اسے معطل کیا گیا تھا۔

بے دخلی(صرف عمومی تتعلیم کے طلبہ کے لیے جن کی عمر سکول سال(جولائی1) کے آغاز سے قبل 17 برس ہوتی ہے: سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کا چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کا نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران کسی طالبعلم کو نیو یارک سٹی پبلک سکول سسٹم سے صرف اس صورت میں بے دخل کرسکتا ہے اگر وہ سکول سال کے آغاز سے قبل17 برس کا ہو۔

اپیلیں

والدین معطلی کے خلاف اپیل کرسکتے ہیں۔ پرنسپل کی معطلی کے خلاف سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کے چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کے نامزد شدہ فرد کے پاس اپیل دائر کی جاسکتی ہے۔ پرنسپل کی معطلیوں (مطلب کہ سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کے چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کے نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران کی نافذ کردہ معطلیاں) کے پاس چانسلر کے پاس اپیل دائر کی جاسکتی ہے۔ اپیل دائر کرنے بارے وقت کے ڈھانچے اور طریقہ کار متعلق معلومات لینے کے لیے چانسلر ریگولیشنA-443 دیکھیں۔

منتقلی کے مواقع

اگر والدین رضامند ہوں تو سکول و نوجوانان ڈویلپمنٹ دفتر کا چیف ایگزیکٹو یا چانسلر کا نامزد شدہ فرد یا کمیونٹی نگران طالبعلم کو دوسرے سکول منتقل کرسکتے ہیں۔

اگر پرنسپل کو یقین ہو کہ طالبعلم کے تعلیمی یا رویہ جاتی مشکلات کے باعث عمومی تعلیم کے طالبعلم کے لیے حالیہ مقام موزوں نہیں ہے اور یہ کہ طالبعلم کہیں اور منتقلی سے فائدہ اٹھائے گا یا مناسب تعلیم حاصل کرسکے گا،تو پرنسپل غیررضاکارانہ منتقلی کی کارروائی کا آغاز کرسکتا ہے۔ چانسلرریگولیشنA-450 دیکھیں

محفوظ منتقلیوں بارے معلومات کےلیے چانسلر ریگولیشنA-449 دیکھیں۔

چانسلرریگولیشن

www.nyc.gov/schools/RulesPolicies/ChancellorsRegulations پر تمام چانسلر ریگولیشنز دیکھے جاسکتے ہیں۔

ہتھیار	
زمرہ I	**زمرہ II**
• آتشیں اسلحہ۔ بشمول پستول اورہینڈ گن،خاموش کن،الیکٹرانک برچھی، اور سٹن گن • شاٹ گن،رائفل،مشین گن،یا کوئی دوسرا ہتھیار • ہوائی بندوق،سپرنگ بندوق یاکوئی دوسرا آلہ یا ہتھیار جس میں دھکیلنے والی قوت سپرنگ یا ہوا ہو،اور کوئی ہتھیار جس میں بھری ہوئی یاخالی نلی استعمال کی جا سکے(مثال کے طورپر بی بی بندوق یا پینٹ بال بندوق) • کمانی دار چاقو،ثقل چاقو،پائلم بیلسٹک چاقو اور بید تلوار(ایک بید جو چاقو یا تلوار چھپاتی ہو) • چھرا،برما،خنجر،استرا،باکس قاطع،کیس قاطع،یوٹیلٹی چاقو اور تمام دیگر چاقو • بلّی ڈنڈا،سیسے کا سونٹا،ڈنڈا،چکا چھڑی، اور دھاتی پور) • ریت بھری اور ریت چھڑی • گوپیاگولی(چھوٹے،بھاری اوزان تسمے سے جڑے ہوئے یا اس کی جانب سے دھکیلے گئے) اور گولی • کنگ فو ستاروں،نن چکس اور شرکنز سمیت مارشل آرٹس کی اشیاء • پھٹنے والا مواد،بشمول بم،آگ کے گولے اور بموں کے خول	• تیزاب یا خطرناک کیمیکلز (مثال کے طور پرپیپر سپرے چھڑکنا،بلّم) • *نقلی بندوقی یا کوئی نقلی ہتھیار • بھرے ہوئے یا خالی کارتوس اور دیگر اسلحہ • سٹن ہتھیار • کوئی بھی مہلک،خطرناک،یا تیز نوک والا آلہ جسے ہتھیار کے طور پر استعمال میں لایا جا سکتا ہو یا لانے کا ارادہ ہو(مثال کے طور پر قینچی، ناخن ریتی،ٹوٹا ہوا گلاس،زنجیر،تار)۔

* زمرہii میں درج کسی چیز کو قبضے میں لینے پر پابندی کی درخواست کرنے سے قبل، جس کا مقصد جسمانی نقصان پہنچانے کے علاوہ کچھ اور ہے مثلاً ناخن ریتی، پرنسپل کو غور کرنا چاہیے کہ آیا اس سے کم سزا دی جا سکتی ہے- اس کے علاوہ، پرنسپل کو نقلی بندوق کے رنگ، سائز، شکل، وضع، اور وزن کا جائزہ لیے کر یہ بھی سوچنا چاہیے کہ کیا یہ اصلی بندوق معلوم ہوتی ہے-

کنڈر گارٹن- درجہ5 سطح 1

انحرافات - غیر معاون/غیر تعاون رویہ

A01 سکول سے غیر متوقع غیرحاضری(صرفA-D)

A02 مطلوبہ سکول وردی پہننے میں ناکامی(اس کا اطلاق صرف سکولوں میں ان طالبعلموں پر ہوتا ہے جنہوں نے سکول کی وردی کو اختیار کیا ہے اور جن کے والدین نے استثنا حاصل نہیں کیا)(صرفA-D)

A03 سکول دیر سے پہنچنا(صرفA- E)

A04 بغیر اجازت کے ممنوعہ آلات یا اشیاء سکول میں لانا(مثال کے طورپرموبائل،بیپر،یا دیگر االیکٹرانک تبادلہ خیال یا تفریح کے آلات) (صرفA- E)

A05 سکول کے احاطے میں تفویض شدہ جگہ جانے میں ناکامی(صرف A- E)

A06 ایسے رویے کا مظاہرہ کرنا جو تعلیمی عمل میں خلل اندازی کا باعث ہے(جیسا کہ کلاس،لائبریری یا برآمدہ میں بہت زیادہ شور مچانا)

A07 زبانی طور پر گستاخانہ یا غیرمؤدب رویے کا مظاہرہ کرنا

*A08 ایسے کپڑے،ٹوپی(مثال کے طور پر ٹوپیاں یا ہیٹ)، یا دیگر اشیاء پہننا جو تعلیمی عمل کے لیے غیرمحفوظ یا خلل انگیز ہوں(صرف A- E)

A09 شعبہ تعلیم کی تحریری پالیسی اور /یا سکول کے ضوابط کی خلاف ورزی میں سکول کے احاطے میں مواد چسپاں یا تقسیم کرنا(صرف A- E)

A10 بغیر مناسب اجازت کے سکول کمپیوٹرز،فیکس مشینیں۔ ٹیلیفون یا دیگر الیکٹرانک آلات استعمال کرنا(صرفA-E)

* اگر یہ سوال پیدا ہو کہ کپڑےیا ٹوپی مذہبی اظہار کی نمائندگی کررہے ہیں یا نہیں تو سی ایف این میں نوجوانان ڈویلپمنٹ کےرابطہ افسرسے رابطہ کریں۔

رہنما مداخلتیں

- والدین سے روابط
- مشاورتی عملے کی مداخلت
- رہنما کانفرنس
- بحا ل کنندہ کوششیں
- مثبت رویہ جاتی کی مداختلتیں اور معاونتیں
- انفرادی/گروہی مشاورت
- ہم رائے مشاورت
- نگرانی پروگرام
- تنازعہ سلجھاؤ
- انفرادی رویہ معاہدہ کی ترقی
- قلیل مدتی وریہ جاتی ترقی روپورٹ
